**25.04.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .........ارجمند علی خاں

**Music**

* لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لئے تیاریاں آخری مرحلے میں ہیں۔ کل 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 88 سیٹوں کے لئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

* چناؤ کے بقیہ مرحلوں کے لئے انتخابی مہم تیزی آتی جارہی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔

* امریکی صدر جوبائیڈن نے ٹیک ٹاک پر پابندی کی خاطر بل پر دستخط کردئیے ہیں۔

* بھارت موسمیات محکمے نے ملک کے مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما حصے میں شدید گرمی جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

* اور IPL کرکٹ میں آج شام سن رائزر حیدرآباد کا مقابلہ رائل چیلنجر بنگلور سے ہوگا۔x

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

## OVERALL CAMPAIGNING

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ ووٹنگ کل یعنی 26 کو اپریل ہوگی۔ اِس مرحلے کی انتخابی مہم کل شام ختم ہوگئی۔

کَل 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں لوک سبھا کی 88 سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کَل ہی Outer منی پور لوک سبھا حلقے کے بقیہ علاقوں میں بھی پولنگ ہوگی۔

اِس مرحلے میں کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک میں 14، راجستھان میں 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش میں چھ، آسام اور بہار میں پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین-تین نیز منی پور، تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک-ایک سیٹ کے لیے ووٹنگ ہوگی۔

مدھیہ پردیش کےBetul (ST) ، پارلیمانی حلقے کے لیے پولنگ دوسرے مرحلے میں ہونا تھی، لیکن بہوجن سماج پارٹی کی امیدوار کے انتقال کی وجہ سے اب تیسرے مرحلے میں ہوگی۔

اِس مرحلے میں مجموعی طورپر ایک ہزار 198 امیدوار چنائو میدان میں ہیں۔ Outerمنی پور لوک سبھا حلقے سے چار امیدوار چنائو لڑ رہے ہیں۔X

## PM- MP VISIT

لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کے لئے انتخابی مہم میں تیزی آتی جارہی ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو اپنے حق میں راغب کرنے کے لئے ریلیاں اور روڈشو کررہے ہیں۔ بی جے پی کے سرکردہ لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بی جے پی وہ پارٹی ہے جو سب کا ساتھ سب کا وکاس کے منتر کے مطابق کام کرتی ہے۔

بی جے پی کے لئے ملک سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں ہے۔ مدھیہ پردیش کے مورینا کے پولیس پریڈ گراؤنڈ میں بی جے پی کے امیدوار کی حمایت میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت ذات و مذہب کی تفریق کئے بغیر کروڑوں ضرورت مندوں کو مفت راشن فراہم کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے چار کروڑ غریبوں کو پکے مکانات دئیے ہیں۔

یہ مکانات بغیر کسی تفریق کے ہر مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو دئیے گئے ہیں۔ اسی طرح 11 کروڑ گھروں کو پینے کے پانی کے کنکشن دستیاب کرائے گئے ہیں اور ذات پر مبنی کسی بھی طرح کی تفریق نہیں کی گئی۔ جناب مودی نے کہا کہ حکومت بنتے ہی جلد سے جلد ایک عہدہ، ایک پنشن کو نافذ کیا گیا۔

اسی دوران مدھیہ پردیش میں چوتھے مرحلے کے تحت 8 لوک سبھا حلقوں کے لئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن ہے۔x

## LS- 4TH PHASE NOMINATION LAST DATE

لوک سبھا کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کَل کی جائے گی اور امیدواروں کو اِس مہینے کی 29 تاریخ تک اپنے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی اجازت ہوگی۔ 9 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں پر 13 مئی کو اِس مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔

اِس مرحلے میں جن ریاستوں میں پولنگ ہوگی، اُن میں اترپردیش، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، مغربی بنگال، آندھراپردیش، تلنگانہ اور جموں و کشمیر شامل ہیں۔x

## NCP (SP) MANIFESTO

شرد پوار کی قیادت والی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی نے آج پنے میں اپنا منشور جاری کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ وہ ذات پر مبنی مردم شماری کے حق میں ہے، ساتھ ہی اُس نے کسانوں کی بہبود کے لیے ایک علیحدہ کمیشن کا وعدہ بھی کیا ہے۔ منشور میں Apprenticeship کے

حق اور ملازمت میں خواتین کے لیے 50فیصد ریزرویشن کی بات بھی کہی گئی ہے۔ پارٹی نے کہا ہے کہ وہ جموں وکشمیر کو مکمل ریاست کا درجہ دیے جانے کی حمایت کرتی ہے اور ایک ملک، ایک انتخاب کے نظریے کو مسترد کرتی ہے۔ Shapathnama کے عنوان سے جاری منشور میں کہا گیا ہے کہ پارٹی سی سی اے، این آر سی، یو اے پی اے اور دوسرے قوانین پر نظر ثانی کرے گی اور ترامیم کی تجویز پیش کرے گی۔x

## EC- DELHI MAYOR ELECTION

انتخابی کمیشن نے کل میئر اور ڈپٹی میئر کے لئے قومی راجدھانی دلی میں ہونے والے چناؤ کی خاطر دلی میونسپل کارپوریشن کو No Objection Certificate جاری کیا ہے۔ ایک مکتوب میں انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے کل ہونے والے MCD چناؤ پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ MCDنے ملک میں جاری لوک سبھا انتخابات کے سبب نافذ مثالی ضابطہ عمل کے تناظر میں انتخابی کمیشن سے اجازت طلب کی تھی۔ عام آدمی پارٹی نے میئر کے لئے مہیش Khichi اور ڈپٹی میئر کے لئے رویندر کمار کو نامزد کیا ہے، جبکہ بی جے پی نے میئر کے لئے کشن لال اور ڈپٹی میئر کے لئے نیتا بِشٹ کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔x

## US TIKTOK

امریکی صدر جوبائیڈن اُس بل پر دستخط کردئیے ہیں، جس کے تحت ٹک ٹاک پر پابندی عائد کی جاسکتی ہے۔ چین کے ByteDance کو ٹک ٹاک ایپ کو ہٹانے یا اسے امریکی کمپنی کو فروخت کرنے کے لئے 9 ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔ یہ قانون اس تشویش کے تناظر میں منظور کیا گیا ہے کہ ٹک ٹاک چینی حکام کو صارفین کے ڈیٹا تک رسائی فراہم کرسکتا ہے۔ امریکی سینیٹ نے کل اس متنازعہ بل کو منظوری دی۔ ٹک ٹاک نے اس قانون کو غیر آئینی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اِسے عدالت میں چیلنج کرے گا۔x

## NHRC-FORENSIC LABS

انسانی حقوق کے قومی کمیشن NHRC نے ملک میں ٹکنالوجی کے اعتبار سے جدید فورنسک لیباریٹریز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کئے جانے کو کہا ہے، تاکہ تیزی سے جانچ کی جاسکے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ چھان بین اور فورنسک جانچ پڑتال ایک دوسرے سے الگ ہونے کے بجائے کارروائی کا حصہ ہونا چاہئے۔ کل NHRC کی جانب سے منعقدہ فوجداری نظام انصاف میں اصلاحات سے متعلق ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے NHRC کے صدر نشین ریٹائرڈ جسٹس ارون کمار مشرا نے مقدمہ کی کارروائی میں سرکاری وکیلوں کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے سرکاری وکیلوں، فورنسک ٹیموں اور پولیس کے درمیان تال میل میں اضافہ کئے جانے پر بھی زور دیا۔x

## DOVEL-RUSSIA

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے یہ بات زور دے کر کہی ہے کہ بھارت دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کی جانب سے معلومات اور مواصلاتی ٹکنالوجی کے بیجا استعمال سے نمٹنے کی غرض سے تعاون کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گا، تاکہ دہشت گردوں کی مالی اعانت کی روک تھام کی جاسکے۔ جناب ڈوبھال نے یہ بات روس کے سینٹ پیٹرس برگ میں سلامتی امور کے لیے ذمہ دار، اعلیٰ عہدیداروں کی بارہویں بین الاقوامی میٹنگ میں حصہ لیتے ہوئے کہی۔ انفارمیشن سیکورٹی کو یقینی بنائے جانے سے متعلق مکمل اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب ڈوبھال نے سب کی شمولیت والی اقتصادی ترقی کے لیے ڈیجیٹل ٹکنالوجی کے استعمال سے متعلق بھارت کی پالیسی کو اجاگر کیا۔ انہوں نے انفارمیشن سیکورٹی کو یقینی بنائے جانے کے لیے ایک کھلے، مستحکم، محفوظ، قابل بھروسہ اور سب کی شمولیت والے طریقہ کار کے لیے بین الاقوامی اشتراک پر زور دیا۔ سلامتی امور کے لیے ذمہ دار اعلیٰ عہدیداروں کی بارہویں بین الاقوامی میٹنگ کے موقع پر جناب اجیت ڈوبھال نے برازیل کے صدر Celso Amorim کے اعلیٰ مشیر کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دو طرفہ، علاقائی اور باہمی دلچسپی کے عالمی امور پر تبادلہ خیال کیاگیا۔ جناب ڈوبھال نے روسی وفاق کی سیکورٹی کونسل کے سکریٹری Nikolai Patrushevکے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگ کی۔ جناب ڈوبھال نے میانما کے اپنے ہم منصب ایڈمرل Moe Aung کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا اور میانما میں موجودہ صورتحال اور بھارت کی امداد والے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کے بارے میں بات چیت کی۔

انہوں نے سلامتی، پناہ گزینوں اور ترقیاتی پروجیکٹوں سے متعلق معاملات سمیت بھارت-میانما سرحد پر رونما ہونے والے حالیہ واقعات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔x

## IMD- HEAT WAVE

بھارت کے محکمۂ موسمیات، IMDنے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے چار دنوں کے دوران مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں سخت گرمی جاری رہے گی۔ بہار، جھارکھنڈ، ساحلی آندھراپردیش، تلنگانہ اور مشرقی اترپردیش میں بھی گرمی کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ وسطی اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں 2 سے 3 ڈگری تک کا اضافہ ہوگا۔

آکاشونی سے بات کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں R K جینامنی نے کہا کہ ساحلی اڈیشہ، مغربی بنگال کے ترائی والے علاقے، اڈیشہ اور بہار میں گرمی جاری رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے 26 سے 28 اپریل تک خاص طور سے شمال مغربی بھارت میں بارش کی پیش گوئی کی ہے۔x

## DELHI WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق قومی راجدھانی میں کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو اس موسم کے دوران اوسط درجہ حرارت سے تین ڈگری کم ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آج صبح دلی میں نمی 49 فیصد تھی۔ دلی کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سیلسیس رہنے کا امکان ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی

راجدھانی میں ہوا کے معیار سے متعلق اشاریہ صبح کے وقت 186 تھا، جو اوسط کے زمرے میں آتا ہے۔x

## J&K - LG GHAZIPUR

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کَل اترپردیش کے غازی پور میں ’جامع ترقی میں شہریوں کے رول‘ کے موضوع پر منعقد ایک کانفرنس سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ گورنر نے ملک کی ترقی میں جن بھاگیداری کے اہمیت کے حامل تعاون کو اُجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ سب کی شمولیت والی جامع ترقی اور سماج کیلئے نئے مستقبل کو تشکیل دینے کیلئے شہریوں کی حصے داری ضروری ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ یہ ہماری مجموعی ذمہ داری ہے کہ ہم اِس بات کو یقینی بنائیں کہ سماج کے کمزور طبقوں کو سماجی انصاف اور مساوات فراہم ہو اور 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے خواب کو حقیقی شکل دینے کیلئے زیادہ سے زیادہ کوششیں کی جاسکیں۔x

## IPL

IPLکرکٹ میں آج حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ رایل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کَل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلز نے گجرات ٹائٹنس کو ایک سنسنی خیز مقابلے میں چار رن سے ہرا دیا۔

گجرات کی ٹیم نے ٹاس جیت کر دلی کی ٹیم سے بلے بازی کرنے کو کہا اور ڈیلی کیپٹلز نے مقررہ 20 اوورس میں چار وکٹ پر 224 رن بنائے۔ کپتان رشبھ پنت نے صرف 43 گیندوں پر 88 رن اسکور کیے اور آخر تک آئوٹ نہیں ہوئے۔ اکشر پٹیل نے 43 گیندوں پر 66 رن بنائے۔

گجرات ٹائٹنس کی ٹیم 20 اوورس میں آٹھ وکٹ پر 220 رن ہی بنا سکی۔ سائی سدرشن نے 29 گیندوں پر 65 رن اسکور کیے، جبکہ ڈیوڈ مِلر نے 23 گیندوں پر 55 رن بنائے۔x

* * *